سورہ نمبر
(٨٦)

سُوْرَةُ الطَّارِق

مع کنزالایمان وخزائن العرفان

الاسلامی.نیٹ

www.AL ISLAMI.NET

ف۱ سورہ الطارق مکیہ ہے اس میں ایک رکوع سترہ آیتیں اکسٹھ کلمے دوسو انتالیس حرف ہیں ف۲ یعنی ستارے کی جو رات کو چمکتا ہے شانِ نزول ایک شب سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں
ابو طالب کچھ ہدیہ لائے حضور اسکو تناول فرما رہے تھے اس درمیان میں ایک تارا ٹوٹا اور تمام فضا آگ سے بھر گئی ابو طالب گھبرا کر کہنے لگے یہ کیا ہے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یہ ستارہ
ہے جس سے شیاطین مارے جاتے ہیں اور یہ قدرتِ الٰہی کی نشانیوں میں سے ہے ابو طالب کو اس سے تعجب ہوا اور یہ سورت نازل ہوئی ف۳
اسکے رب کی طرف سے جو اسکے اعمال کی نگہبانی کرے اور اس کی نیکی بدی سب لکھ لے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ مراد اس سے فرشتے ہیں ف۴ تاکہ وہ جانے کہ اس کا پیدا کرنے والا اس کو بعد موت جزا کے لیے زندہ کرنے پر قادر ہے پس اس کو روزِ جزا کے لیے عمل کرنا چاہیے ف۵ یعنی مرد و عورت کے نطفوں سے جو رحم میں مل کر ایک ہو جاتے ہیں ف۶ یعنی مرد کی پشت سے اور عورت کے سینہ کے مقام سے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا سینہ کے اس مقام سے جہاں ہار پہنا جاتا ہے اور انھیں سے منقول ہے کہ عورت کی دونوں چھاتیوں کے درمیان سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ منی انسان کے تمام اعضا سے برآمد ہوتی ہے اور اس کا زیادہ حصّہ دماغ سے مرد کی پشت میں آتا ہے اور عورت کے بدن کے اگلے حصہ کی بہت سی رگوں میں جو سینہ کے مقام پر ہیں نازل ہوتا ہے اسی لیے ان دونوں مقاموں کا ذکر خصوصیت سے فرمایا گیا ف۷ یعنی موت کے بعد زندگی کی طرف لوٹا دینے پر ف۸ چھپی باتوں سے مراد عقائد اور نیتیں اور وہ اعمال ہیں جنکو آدمی چھپاتا ہے روزِ قیامت اللہ تعالیٰ ان سب کو ظاہر کردے گا ف۹ یعنی جو آدمی منکرِ بعث ہے نہ اس کو ایسی قوت ہوگی جس سے عذاب کو روک سکے نہ اس کا کوئی ایسا مددگار ہوگا جو اسے بچا سکے ف۱۰ جو ارضی پیداوار نبات و اشجار کے لیے مثل باپ کے ہے ف۱۱ اور نباتات کیلیے مثل ماں کے ہے اور یہ دونوں اللہ تعالیٰ کی عجیب نعمتیں ہیں اور ان میں قدرتِ الٰہی کے بے شمار آثار نمودار ہیں جن میں غور کرنے سے آدمی کو بعث بعد الموت کے بہت سے دلائل ملتے ہیں ف۱۲ کہ حق و باطل میں فرق و امتیاز کر دیتا ہے ف۱۳ جو نکمی اور بےکار ہو ف۱۴ اور دینِ الٰہی کے مٹانے اور نورِ حق کو بجھانے اور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایذا پہونچانے کے لیے طرح طرح کے داؤں کرتے ہیں ف۱۵ جس کی انھیں خبر نہیں ف۱۶ اے سید انبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ف۱۷ چند روز کی کہ وہ عنقریب ہلاک کیے جائیں گے چنانچہ ایسا ہی ہوا اور بدر میں انھیں عذابِ الٰہی نے پکڑا (ونسخ الامہال بآیۃ السیف)

ع ۱ ۲۲ ۱۰ — منزل ۷ — ع ۱۴ ۱۱

سُوْرَةُ الطَّارِقِ

سُوْرَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | وَهِيَ سَبْعَ عَشْرَةَ اٰيَةً

سورہ طارق مکہ میں نازل ہوئی (اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ف۱) اس میں ۱۷ آیات ہیں

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ﴿۱﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ﴿۲﴾ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ﴿۳﴾ اِنْ
آسمان کی قسم اور رات کو آنیوالے کی ف۲ اور کچھ تم نے جانا وہ رات کو آنیوالا کیا ہے خوب چمکتا تارا کوئی

كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ﴿۴﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ﴿۵﴾ خُلِقَ
جان نہیں جس پر نگہبان نہ ہو ف۳ تو چاہیے کہ آدمی غور کرے کہ کس چیز سے بنایا گیا ف۴ جست کرتے

مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ﴿۶﴾ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ﴿۷﴾ اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ
پانی سے ف۵ جو نکلتا ہے پیٹھ اور سینوں کے بیچ سے ف۶ بیشک اللہ اس کے واپس کردینے پر

لَقَادِرٌ ﴿۸﴾ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ﴿۹﴾ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ﴿۱۰﴾ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ
ف۷ قادر ہے جس دن چھپی باتوں کی جانچ ہوگی ف۸ تو آدمی کے پاس نہ کچھ زور ہوگا نہ کوئی مددگار ف۹ آسمان کی قسم جس سے

الرَّجْعِ ﴿۱۱﴾ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ﴿۱۳﴾ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ﴿۱۴﴾
مینھ اترتا ہے ف۱۰ اور زمین کی جو اس سے کھلتی ہے ف۱۱ بیشک قرآن ضرور فیصلہ کی بات ہے ف۱۲ اور کوئی ہنسی کی بات نہیں

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ﴿۱۵﴾ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ﴿۱۶﴾ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿۱۷﴾
ف۱۳ بیشک کافر اپنا سا داؤں چلتے ہیں ف۱۴ اور میں اپنی خفیہ تدبیر فرماتا ہوں ف۱۵ تو تم کافروں کو ڈھیل دو ف۱۶ انھیں کچھ تھوڑی مہلت دو ف۱۷